Session 17th

Notice No. 1705

Received Dated 13 / 04 /2021

Admitted Dated 16 / 04 /2021

Department **Relief Rehabilitation & Settlement**

توجہ دلاو نوٹس نمبر 1705

منجانب: ریحانہ اسماعیل رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ امداد بحالی وآباد کاری کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ جیساکہ کورونا وباء کی وجہ سے صوبائی حکومت نے ٹرانسپورٹ اور بازاروں کو صوبہ بھر میں دو دن ہفتہ اور اتوار کو بند رکھنے کا فیصلہ نافذ کیا ہوا ہے لیکن اس فیصلے کی نتائج کا صوبائی دارالحکومت پشاور پر انتہائی خطرناک اثرات مرتب ہو رہے ہیں دو روز تعطیل کے بعد خاص کر سوموار اور منگل کے روز پشاور کی سڑکیں اور بازاریں ٹریفک کی وجہ سے ایسے بھر جاتے ہیں کہ تل دھرنے کی جگہ نہیں ملتی جسکی وجہ سے عوام کو جنہوں نے ضروری کاموں سے نکلنا ہوتا ہے تو گھنٹوں گھنٹوں تک سڑکوں پر رش میں خوار ہونا پڑتا ہے کئی مریضوں کی جانے چلی گئی اور کئی کی ہسپتال پہنچنے سے پہلے مزید طبعیت خراب ہو کی جس کورونا پر قابوں پانے کیلئے یہ اقدامات اٹھائے گئے ہیں خطرہ ان دو دن کے بعد سوگنا بڑھ جاتا ہے۔ لہذا حکومت اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کرے یا پشاور کے اس بے لگام رش کے مسلے کا کوئی متبادل حل تلاش کر کے عوام کو جلد از جلد اس تکلیف سے نجات دلائی جائے۔